DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

پی سی بی انڈر16 نیشنل ون ڈے ٹورنامنٹ کا چوتھا راؤنڈ مکمل

راولپنڈی، 19 فروری2021ء:

پی سی بی انڈر16 نیشنل ون ڈے ٹورنامنٹ کے چوتھے راؤنڈ میں سنٹرل پنجاب، ناردرن اور خیبر پختونخوا نے اپنے اپنے میچز جیت لیے۔

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں سنٹرل پنجاب نے بلوچستان کو 5 وکٹوں سے شکست دے دی۔ فاتح ٹیم نے 244 رنز کا مطلوبہ ہدف 44.2 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ عبید شاہ نے ایونٹ کی دوسری سنچری بنائی۔ وہ 109 رنز بناکرناٹ آوٹ رہے۔ 99 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 10 چوکے شامل تھے۔ اس سے قبل بلوچستان کی پوری ٹیم 44.2 اوورز میں 243 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ عبدالصبور نے 18 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 95 گیندوں پر 121 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ ابتسام الرحمٰن نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

ایوب پارک کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نے سندھ کو 8 وکٹوں سے ہرادیا۔ ناردرن نے 99 رنز کا مطلوبہ ہدف محض 18.2 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ شمائل حسین 39 اور عامر حسین 26 رنز بناکرناٹ آوٹ رہے ۔ اس سے قبل سندھ کی پوری ٹیم 26 اوورز میں 98 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ اوپنر سعد بیگ 27 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے تھے۔ احسان اللہ نے 18 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

راول کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں خیبر پختونخوا نے سدرن پنجاب کو 76 رنز سے ہرادیا۔ 150 رنز کے تعاقب میں

سدرن پنجاب کی پوری ٹیم 31.4 اوورز میں 73 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ احمد حسین نے 13 رنز دے کر 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ اوپنرز مہیر سعید اور عرفات احمد 18، 18 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ اس سے قبل کے پی کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 43.1 اوورز میں 149 رنز بنائے تھے۔ شاہ زیب خان 38 اور احمد حسین 24 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے تھے۔ عرفات احمد نے 13 رنز کے عوض 5 جبکہ مستقیم فیصل نے 16 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications